# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date: 08-August-2026**

**Time :**07:40 PM

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں سنجو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

۔۔۔۔۔ وزیراعظم نریندر مودی کا انڈین انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی دلی کے **57**ویں کنووکیشن سے خطاب//بھارت کو وکست بنانے کے سفر میں فارغ التحصیل طلباء کے رول کو کیا اجاگر۔

۱۔۔۔۔۔ نوجوان لیڈروں پر اخلاقیات اور عوامی خدمات اپنا کر ملک کی رہنمائی کرنے کا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا زور۔

۲۔۔۔۔۔ وزیر صحت سکینہ ایتو نے قیموہ کولگام میں **20** کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے نئے سب ڈسٹرکٹ اسپتال کا کیا افتتاح۔

اور

۴۔۔۔۔۔ عقیدت واحترام کے ساتھ آج منایا جارہا ہے سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ کا عرس مبارک۔

**PM**

وزیراعظم نریندر مودی نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی نے دلی کے طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے فیصلے لیتے ہوئے قومی مفادات کو ترجیح دیں اور وہ اپنے آپ سے پوچھیں کہ ان کے کام ملک کیلئے کیسے فائدہ بخش ثابت ہو سکتے ہیں۔ آج آئی آئی ٹی دہلی 57 ویں کنووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ فارغ التحصیل طلباء اگلے 30 سے 35 برسوں کے دوران بھارت کو وکست بھارت بنانے کے سفر میں کلیدی رول ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے مختلف سیکٹروں میں بے شمار مواقعے دستیاب ہیں۔

----**Byte**-----

اس موقعے پر تعلیم کے وزیر پرلہاد جوشی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے کے مطابق اس وقت ملک کے تعلیمی نظام میں مثبت بدلاؤ آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نظریے سے ملک کے اداروں میں نیا اعتماد پیدا ہو گیا ہے اور اب تعلیمی اداروں سے نہ صرف گریجویٹس بلکہ اختراع کار، تحقیق دان اور قوم کی تعمیر کرنے والے پیشہ ور تیار ہو رہے ہیں۔

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت کا مستقبل دور اندیش اور ذمہ دار نوجوان قیادت پر منحصر ہے۔ وہ آج ممبئی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف **Democratic** لیڈرشپ کے **9** ویں بیچ کے کنووکیشن اور **10** ویں بیچ کی **Induction** تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے نوجوان لیڈروں پر زور دیا کہ وہ اخلاقیات، عاجزی اور عوامی خدمات کو اپنا کر ملک کی رہنمائی کریں۔

**CM**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں **26** کروڑ سے زائد لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان پروجیکٹوں میں ہیریٹیج **Trail**، ہیریٹیج سائٹس کی تجدید کاری، تالاب کھٹی خان نالے کی بحالی، اکھنور میں شاپنگ کم میونسپل کمپلیکس کی تعمیر اور باہو فوٹ میں فوڈ سٹریٹ کی تجدید کاری شامل ہے۔ ان منصوبوں کا مقصد شہری بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کولگام ضلعے میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشتے ہوئے نئے تعمیر کئے گئے سب ڈسٹرکٹ اسپتال کا افتتاح کیا۔ **50** بستروں پر مشتمل اس اسپتال کو **19** کروڑ **32** لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے اور اُمید کی جارہی ہے کہ اس اسپتال کی بدولت علاقے کے لوگوں کو بہتر طبی سہولیات دستیاب ہوں گی۔ دورے کے دوران وزیر موصوفہ نے کئی دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔ انہوں نے اس موقعے پر کہا کہ موجودہ حکومت تمام سیکٹروں کی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔

سکینہ جائزہ

دریں اثناء وزیر موصوفہ نے وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کی موجودگی میں ایک میٹنگ کے دوران کشمیر یونیورسٹی کے کپواڑہ کیمپس میں درس وتدریس کے کام کاج کو مزید فعال بنانے کے سلسلے میں وہاں جاری پروگراموں اور دیگر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کیمپس میں جاری ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کیلئے متعلقین پر زور دیا جبکہ ناصر اسلم وانی نے کپواڑہ ضلعے میں اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں کو مزید بڑھاوا دینے کیلئے یونیورسٹی کے شمالی کیمپس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ میٹنگ میں کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان، اعلیٰ تعلیم کے کمشنر سیکرٹری رام نواس شرما اور ڈپٹی کمشنر کپواڑہ کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں یوٹی سطح کی سینسس کوآرڈی نیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران مردم شماری **2027** کے دوسرے مرحلے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس مرحلے کے دوران برف سے ڈھکے اور جموں وکشمیر کے کٹے ہوئے علاقوں میں آبادی کے گنتی کا کام ہاتھ میں لیا جائے گا۔ چیف سیکریٹری نے متعلقہ ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ وقت پر **Enumerators** اور سپروائزرس کی تعیناتی عمل میں لائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام علاقوں میں اس مرحلے کو کامیاب بنانے کے وسیع تشہیری اور بیداری مہم چلائی جانی چاہیئے۔ میٹنگ میں بتایا گیا مرحلے کے تحت شہری **17** سے **31** اگست تک سیلف اینومیریشن کر سکتے ہیں جبکہ یکم ستمبر سے **30** ستمبر تک گھر گھر جا کر مردم شماری کی جائے گی۔ دریں اثناء اٹل ڈلو کی صدارت میں منعقدہ شیرکشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کی سٹینڈنگ فائنانس کمیٹی کی ایک ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران انسٹی چیوٹ کو طبی شعبے میں معیار کی بلندیوں تک لے جانے کیلئے مختلف امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

پرہلاد جوشی

بھارت نے غیر روائتی طور پر بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کی بدولت **300** گیگا واٹ توانائی کا اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔اس بات کی جانکاری نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دی۔انہوں نے کہا کہ پچھلے **12** برسوں کے دوران ملک بھر میں قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کی صلاحیت **400** فیصد بڑھ گئی ہے۔وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی سرکار شہریوں کیلئے ایک شفاف اور پائیدار مستقبل بنانے کی اور گامزن ہے۔

چیف جسٹس

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کمار جو جے اینڈ کے لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکیٹیو چیئرمین بھی ہیں، کی صدارت میں آج امتیاز میموریل گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیاں میں **NALSA** کے مواد پروگرام کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے قائمقام چیف جسٹس نے اس طرح کے پروگرام منعقد کرنے کیلئے **DLSA** شوپیاں اور جے اینڈ کے لیگل سروسز اتھارٹی کی کاوشوں کی ستائش کی۔انہوں نے قبائیلی طبقوں کے حقوق کو اُجاگر کرتے ہوئے لیگل سروسز اتھارٹیوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔اس موقعے پر ایم ایل اے شوپیاں، ڈی سی شوپیاں اور عدلیہ سے جڑی کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

ٹورازم

جموں وکشمیر کے محکمہ سیاحت نے احمد آباد گجرات کے **3** دنوں پر محیط ٹرول اینڈ ٹورازم فیئر میں شرکت کرکے وہاں **Best Adventure Tourism Destination** ایوارڈ حاصل کیا ہے۔اس سیاحتی میلے میں محکمے نے جموں وکشمیر کی مجموعی سیاحتی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وہاں لوگوں کو وادی کے دلفریب مقامات اور یہاں کی ثقافت، کھان پان اور مہمان نوازی سے لطف اندوز ہونے کیلئے راغب کیا۔

جعلی پیغام

مرکزی سرکار نے سوشل میڈیا پر پھیلائے جارہے جعلی پیغام جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ انڈیا پوسٹ ’’**Dak**

"Seva Gifts" کے تحت تحائف اور انعامات تقسیم کر رہا ہے، کو غلط قرار دیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے Fact Check یونٹ نے ان دعوؤں کو غلط قرار دیتے ہوئے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ ایسے کسی بھی مشکوک لنک یا ویب پیج پر کلک نہ کریں اور مرکزی سرکار سے منصوب کی جارہی اس طرح کی کسی بھی مشکوک جانکاری کو سرکار کی نوٹس میں لائیں۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

عرس

بلند پایہ ولی سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس آج اُن کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔عرس کے سلسلے میں کل شام آستان عالیہ پر نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی روح پرور مجالس منعقد ہوئیں، جس دوران وادی کے مختلف علاقوں سے آئے عقیدتمندوں نے عرس کی تقریبات میں شرکت کی۔

------V/O------

اس سلسلے میں آستان عالیہ پر انتظامیہ نے عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے معقول انتظامات کئے ہیں۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج تُجر شریف سوپور میں قائم سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کی درگاہ پر حاضری دی۔اس سے قبل انہوں نے وہاں کے مختلف عوامی وفود اور مقامی لوگوں سے ملاقات کر کے عوامی نوعیت کے مسائل سُنے۔وزیر موصوف نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مطالبات متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھا کر ان کا جلد ازالہ کیا جائے گا۔

یاترا

محکمہ موسمیات کی طرف سے آئندہ چندروز کے دوران ناساز گار موسم رہنے کی پیشنگوئی اور یاترا روٹس پر مرمت کے پیش نظر کل سے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا دونوں راستوں بال تل اور پہلگام سے معطل رہے گی۔ایک پریس بیان میں ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہا ہے کہ یاترا رسمی طور پر 28 اگست 2026 کو چھڑی مبارک کی پوجا کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہوگی۔انہوں نے کہا ہے کہ 3 جولائی کو شروع ہوئی یاترا سے لے کر اب تک 4 لاکھ 80 ہزار یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی۔انہوں نے تمام یاتریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جاری کی گئی ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں۔

ٹیگور ہال

ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے آج ٹائیگور ہال سرینگر میں کشمیری زبان کے ایک معروف افسانہ نگار اور آکاشوانی نیوز سرینگر کے سابق سربراہ مشتاق احمد مشتاق کے ساتھ کتھا سندھی پروگرام منعقد کیا گیا۔جس دوران مشتاق احمد مشتاق نے اپنے ادبی سفر کے بارے میں بات کی اور اپنے کچھ افسانے پیش کئے۔اس موقعے پر کافی تعداد میں ادیب اور شاعر موجود تھے۔بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے موجودہ سربراہ اشفاق احمد شاہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

----Byte-----

حج تربیت

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2027 کی تربیت کیلئے اہل اور خواہشمند افراد سے آن لائن طریقے پر درخواستیں طلب کی ہیں۔اس ~~سلسلے میں جاری ایک سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ مزید جانکاری حج کمیٹی آف انڈیا~~ کی ویب سائٹ www.hajcommittee.gov.in پر دستیاب ہے۔درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 اگست 2026 مقرر کی گئی ہے۔

ہنڈلوم ایوارڈ

کانہامہ بڈگام سے تعلق رکھنے والے ''کانی شال'' کے دو ماہر بُنکروں منظور احمد حجام اور رفیاض احمد وانی کو حال ہی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی طرف سے نیشنل ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر قومی ہینڈلوم ایوارڈ عطا کئے جانے پر ہینڈی کرافٹس اور ہینڈلوم ڈیپارٹمنٹ کشمیر نے انہیں مبارک باد دی ہے۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی و اردو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کرسکتے ہیں۔ خواہشمند امیدوار مزید تفصیلات اور مطبوعہ درخواست فارم ویب سائٹ www.newsonair.gov.in/vacancies سے حاصل کرسکتے ہیں۔ درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات کے علاوہ جنرل کٹیگری کے امیدواروں کو ڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام 354 روپے کا (نان ریفنڈیبل) بینک ڈرافٹ بطور پراسیسنگ فیس رکھنا لازمی ہے جبکہ ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو پروسیسنگ فیس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ امیدواروں کو تحریری امتحان اور وائس ٹیسٹ سے گزرنا ہوگا۔ منتخب ہونے والے کیجول نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کو ضرورت کی بنیاد پر بکنگ دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے ہمارے فون نمبرات 0194-2452019 یا 7006958620 سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **26.1** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.6** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **48** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **25** منٹ پر ہوگا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔